www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامے سے زیادہ
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962449، 5962444، فیکس 5962277
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 10 قیمت 20 روپے
LOCAL EDITION THURSDAY APRIL 06, 2023
جلد 65 | جمعرات 15 رمضان المبارک 1444ھ 6 اپریل 2023ء 24 چیت 2080ب | نمبر 96

وفاقی محتسب کی مداخلت، بیوہ کو دس سال بعد بقایا جات مل گئے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے انسانی حقوق کی وزارت سے بیوہ کو دس سال بعد 32 لاکھ روپے کے بقایا جات مل گئے۔ محمد لطیف، نیشنل ٹرسٹ برائے معذوران (این ٹی ڈی) میں ڈرائیور تھا جو 2014ء کو دوران سروس وفات پا گیا تھا۔ بیوہ کو پوری تنخواہ تو ملنا شروع ہو گئی مگر 7 دسمبر 2014ء سے 31 مارچ 2021ء تک کے بقایا جات اسے ادا نہ کئے گئے جو 32 لاکھ روپے بنتے تھے۔

DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

THURSDAY, APRIL 6, 2023

جلد نمبر 29 | جمعرات، 15 رمضان 1444ھ 6 اپریل 2023ء 24 چیت 2080ب | شمارہ 35
فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 10 قیمت 20 روپے

وفاقی محتسب، بیوہ کو 10 سال بعد 32 لاکھ بقایا جات مل گئے

اگر یہ ادارہ نہ ہوتا تو شاید مجھے یہ رقم نہ ملتی، خاتون کا اعجاز قریشی سے اظہار تشکر

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے انسانی حقوق کی وزارت سے بیوہ کو 10 سال بعد 32 لاکھ روپے کے بقایا جات مل گئے جس پر بیوہ نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اگر یہ ادارہ نہ ہوتا تو مجھے یہ رقم نہ ملتی، محمد لطیف نیشنل ٹرسٹ برائے معذوران میں ڈرائیور تھا جو 2014 کو دوران سروس وفات پا گیا، 2021 میں بیوہ کو پوری تنخواہ تو ملنی شروع ہوگئی مگر 2014 سے 2021 تک کے بقایا جات ادا نہ کئے گئے جو 32 لاکھ بنتے تھے۔ بیوہ نے وفاقی محتسب میں درخواست دی جہاں اسکا مسئلہ حل ہوگیا۔

راولپنڈی/اسلام آباد. پشاور. لاہور. کراچی. کوئٹہ. ملتان. فیصل آباد اور سرگودھا سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

786
92

The Daily
92 News

روزنامہ 92 نیوز اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف محمد حمید رامین

قیمت 20 روپے

صفحات 10

THURSDAY, APRIL 6, 2023

جلد 7 | جمعرات 15 رمضان المبارک 1444ھ 6 اپریل 2023ء 24 چیت 2079ب | شمارہ 199

وفاقی محتسب کے حکم پر بیوہ کو انصاف مل گیا، 32 لاکھ واجبات ادا

وزارت انسانی حقوق مرحوم ملازم لطیف کی بیوہ کو حق دینے میں لیت ولعل کرتی رہی

وفاقی محتسب نے اپنے فیصلہ میں بیوہ کو 45 دن میں واجبات ادائیگی کا حکم دیا تھا

اسلام آباد (خبر نگار خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے انسانی حقوق کی وزارت سے بیوہ کو دس سال بعد 32 لاکھ روپے کے بقایاجات مل گئے جس پر (باقی صفحہ 4 نمبر 40)

بقیہ | وفاقی محتسب | 40

بیوہ نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر یہ ادارہ نہ ہوتا تو شاید مجھے یہ رقم نہ ملتی۔ محمد لطیف نامی شخص نیشنل ٹرسٹ برائے معذوران (این ٹی ڈی) میں ڈرائیور تھا جو 7 دسمبر 2014ء کو دوران سروس وفات پا گیا۔ وزیراعظم امدادی پیکیج کے مطابق 60 سال کی عمر تک اس کی پوری تنخواہ بیوہ کو ملنا تھی، اپریل 2021ء میں بیوہ کو پوری تنخواہ تو ملنا شروع ہوگئی مگر 7 دسمبر 2014ء سے 31 مارچ 2021ء تک کے بقایاجات اسے ادا نہ کئے گئے جو 32 لاکھ روپے بنتے تھے۔ مرحوم کی بیوہ اپنا حق لینے کے لئے سالہا سال تک مختلف دفاتر کے چکر لگاتی رہی لیکن شنوائی نہ ہوئی۔ بیوہ نے مجبور ہو کر وفاقی محتسب میں درخواست دی جہاں کیس کی سماعت کے دوران این ٹی ڈی کے نمائندے نے بتایا کہ فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث شکایت کنندہ کے بقایاجات ادا نہیں کئے جا سکے تھے، این ٹی ڈی کے تمام ملازمین کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سپیشل ایجوکیشن میں ٹرانسفر کر دیا گیا تھا جو وزارت انسانی حقوق کے ماتحت ہے۔ اگلی سماعت پر وزارت انسانی حقوق کے سیکشن آفیسر نے تحریری یقین دہانی کرائی کہ 31 جولائی 2022ء تک 32 لاکھ روپے کی رقم سپیشل ایجوکیشن ڈائریکٹوریٹ کو ٹرانسفر کر دی جائے گی۔ وفاقی محتسب نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ بیوہ کو 45 دن کے اندر اس کے بقایاجات ادا کئے جائیں لیکن انسانی حقوق کی وزارت ایک غریب بیوہ کو یہ حق دینے میں لیت ولعل کرتی رہی۔ بالآخر وفاقی محتسب کے کنسلٹنٹ عملدرآمد ونگ پرویز حلیم کی مسلسل کوششوں سے وزارت انسانی حقوق نے بیوہ کو مطلوبہ رقم مبلغ 32 لاکھ روپے ادا کر دی ہے۔

ABC CERTIFIED

THE DAILY MUMTAZ RAWALPINDI

روزنامہ ممتاز راولپنڈی

بانی: عبداللہ بٹ

جلد 6 | جمعرات ... 15 ... 2023 ... 1444ھ ... 2080 ب | شمارہ 97

وزارت انسانی حقوق سے بیوہ کو بقایاجات مل گئے

درخواست گزار کا 1.32 کروڑ روپے ملنے پر وفاقی محتسب کا شکریہ

[illegible]